بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
جولائی 2025

1۔قرآن کریم

"سورۃ الطّارِق" کی آیات 6-11 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- ان آیات میں اللہ تعالیٰ کی کونسی صفت کا ذکر ملتا ہے؟
- آیت نمبر 10 میں "جس دن پوشیدہ باتیں ظاہر کی جائیں گی" کا کیا مطلب ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔صفحہ نمبر 249–250
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 9-13:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=12

2۔اسماء الحسنیٰ

- اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلْحَلِيْمُ" (تحمل والا) کا مطالعہ کریں۔
- پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 14 مارچ 2008 میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت حلیم ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ رحم کرنے والی ہستی، معاف کرنے والا یعنی نافرمانی کی صورت میں نافرمانوں پر فوری طور پر غضب نازل نہیں کرتا۔ نافرمانی اسے بے چین نہیں کرتی۔ پھر پردہ پوشی کرنے والا ہے۔
- انبیاء کو اللہ تعالیٰ اپنی صفات سے وافر حصہ عطا فرماتا ہے تاکہ دنیا کی اصلاح کر سکیں، ان کے سامنے نمونہ بن سکیں اور آنحضرت ﷺ کو سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی صفات کا فہم و ادراک عطا ہوا اور آپ سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کی صفات کے پرتَو بنے۔ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا، طاقتور پہلوان وہ شخص نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دے۔ اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھتا ہے۔

- اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلْحَلِیْمُ" کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 21 مارچ 2008 تفصیل سے سنیں اور اس بات پر غور کریں کہ ہم کس طرح بغض اور غصے پر قابو پا کر دوسروں کے ساتھ درگزر، ہمدردی اور شفقت کا سلوک کر سکتے ہیں؟ صبر و تحمل دکھانے والے کے لیے بڑا اجر کیوں رکھا گیا ہے اور ہم اپنی روزمرہ زندگی میں اس خوبی کو کیسے اپنا سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 260

خطبہ جمعہ مورخہ 21/03/2008: https://www.alislam.org/friday-sermon/2008-03-21.html

3۔ نماز۔ اقامۃ الصلوۃ

- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سیرت کا سب سے جلی عنوان محبتِ الٰہی ہے۔ آپؑ کی ساری زندگی اس محبت میں فنا تھی اور عبادت اور نماز کا اہتمام آپؑ کی روح کی غذا تھا۔
- مضمون 'اقامۃ الصلوٰۃ میں مسیح پاکؑ کا نمونہ' کا مطالعہ کریں اور اس بات پر غور کریں کہ ہم حضرت مسیح موعودؑ کی زندگی سے باجماعت نماز کی اہمیت اور نماز کی پابندی کے بارے میں کیا سیکھتے ہیں؟ مزید اس بات پر توجہ دیں کہ ہم اپنی نمازوں کو کس طرح بہتر بنا سکتے ہیں اور اس کی حقیقی روح کو کیسے سمجھ سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 269-271

4۔ ملفوظات

- ملفوظات 'خدا کی طرف سعی کرنے والا کبھی بھی ناکام نہیں رہتا' کا مطالعہ کریں۔
- حضرت مسیح موعودؑ کی تحریرات پر غور کرتے ہوئے اس بات کا جائزہ لیں کہ اللہ تعالیٰ ایک سچے مومن کو جو تقویٰ کی راہ پر گامزن ہو، کس طرح انعامات سے نوازتا ہے؟ ہم دنیاوی اور مادی خواہشات کے چیلنجز پر کس طرح قابو پا سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 280-281

5۔ کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
تصنیف حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کتاب احمدیت یعنی حقیقی اسلام میں بیان کیئے گئے مذہب کے چوتھے مقصد یعنی انسان کے انجام کا بیان کرنا کا مطالعہ کریں اور مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔

- اسلامی تعلیمات کے مطابق کیا روح کوئی چیز ہے؟
- قرآن مجید ہمیں مابعد الموت کی حالت کے متعلق کیا تعلیم دیتا ہے؟

ذرائع کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
صفحہ نمبر 319-331



click to read



click to read